## سوال

کیامیری نماز صحیح ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

میں نماز عصر کےلئے مسجد میں داخل ہوااور جماعت کے ساتھ مل گیالیکن میری ایک رکعت فوت ہوگئی اور امام جب تیسری رکعت سے فارغ ہواتووہ بھول گیااور ثوتھی رکعت کے لئے کھڑانہ ہوامقتدیوں کو بھی خبر نہ ہوئی اور امام نے سلام پھیر دیا میں نے کھڑے ہوکر اس رکعت کو پڑھنا شروع کیا جو رہ گئی تھی اور جب میں سجدہ کے قریب پہنچا تو مقتدیوں نے امام کو بتایا کہ نماز میں یہ کوتاہی ہوگئی ہے لہذاوہ چوتھی رکعت پڑھنے کےلئے اٹھ کھڑے ہوئے میں بھی سجدہ مکمل کرکے ان کے ساتھ شامل ہوگیااور میں نے رکعت پڑھی جلسہ تشہد بھی کیاان کے ساتھ سجدہ سہو بھی کیااور پھر ہم سب نے اکٹھا سلام پھیر دیاکیااس صورت میں میری یہ نماز صحیح ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس حالت میں جب آپ کوامام کے بھولنے کا علم ہوگیا تھا تو آپ پر واجب تھا کہ امام کواس کی کوتاہی پر متنبہ کرتے لیکن اگر شک کی وجہ سے آپ بھی کھڑے ہوگئے تو کوئی حرج نہیں اوراب آپ کویہ چاہئے تھا کہ انفرادی طور پر نماز کو جاری رکھتے اوراسے مکمل کرلیتے انفرادی طور پر ایک رکعت پڑھنے کے بعد علت کی وجہ سے دوبارہ ان کے ساتھ شامل ہونا جائز ہے امام نے جب سلام پھیر دیا تھا تو آپ کےلئے اب امام سے علیحدگی جائز تھی لیکن آپ بھی جب باقی مقتدیوں کی طرح دوبارہ امام کی اقتداء میں آگئے تو یہ بھی جائز ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

# ج1ص403

محدث فتویٰ